کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن سے متعلق عمومی سوالات

سوال: پی سی بی کے عملے کی ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن میں شمولیت، کیاعارضی انتظام ہے یا مستقل؟

جواب: یہ قانونی طور پر رجسٹرڈ اداروں کے قیام کے لیے خالصتاَ ایک عبوری اور انتظامی اقدام ہے۔پی سی بی کے عملہ کو بانی اراکین کی حیثیت سے رجسٹریشن کے لیے استعمال کیا گیا۔پی سی بی کا عملہ کرکٹ ایسوسی ایشنز نہیں چلائے گا۔

اگلا قدم عبوری کمیٹیوں کی تشکیل ہے، جس کی ذمہ داری:

1) ماڈل دستور کو اپنانا
2) منتخب عہدیداران کے عہدے سنبھالنے تک ایسوسی ایشنز کے معمالات چلانا

عبوری کمیٹی کو پہلے عہدیداران کے انتخاب سے قبل چند معقول اقدامات مکمل کرنے ہوں گے، جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

ا)کلبوں کی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز سے رجسٹریشن
ب)جنرل باڈی کا سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کا انتخاب
ج)سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے منتخب نمائندے کرکٹ ایسوسی ایشنز کی جنرل باڈی تشکیل دیں گے

کرکٹ ایسوسی ایشنز کے قیام کے لیے اٹھائے جانے والے معقول اقدامات میں رکاوٹ پی سی بی کو کرکٹ ایسوسی ایشنز اور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز پر مشتمل ایک آزادانہ طویل مدتی ڈھانچے کے قیام سے دور لے جائے گی۔

سوال: پی سی بی کے عہدیداران کو استعمال کرنے کی ضرورت کیا تھی؟

جواب: پی سی بی کے عہدیداران کو رجسٹریشن کے عمل میں معاونت کے لیے استعمال کیا گیا کیونکہ یہ وقتی اعتبار سے انتہائی مؤثر، قابل اعتبار اور رسد کے لحاظ سے بے حد آسان طریقہ کار تھا۔ علاوہ ازیں، پی سی بی کے آئین 2019 میں ایسی کوئی پابندی نہیں ہے جو اس کے ملازمین کو کسی بھی کرکٹ ایسوسی ایشن کے لیے سوسائٹی کا بانی رکن بننے سے روکے۔

سوال: کیا ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن میں پی سی بی کے عملے کی شمولیت، مفادات کا ٹکراؤ اور پی سی بی کے آئین اور کرکٹ ایسوسی ایشنز کی شق 12.1 ای کی خلاف ورزی نہیں ہے؟

جواب: پہلا، یاد رہنا چاہیے کہ موجودہ انتظامیہ کی سالمیت، قابلیت اور پیشہ وارانہ مہارات کا احترام کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی سطح پر سراہا گیا ہے۔ یہ سیٹ اپ ڈومیسٹک کرکٹ سے مرکزیت ختم کرنے اور اسے جمہوری بنانے کا عمل ہے۔ یہ وہی دور ہے جہاں پی سی بی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کوڈ آف ایتھکیس کو متعارف کروایا گیا۔

دوسرا، یہ پی سی بی کے آئین 2019 کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہے۔ چونکہ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی جانب سے تاحال ماڈل آئین کو اختیار کرنا باقی ہے لہٰذا یہ اس کی کسی بھی دفعہ کی خلاف ورزی نہیں ہے۔

سوال: بانی اراکین اور عہدیداران میں کیا فرق ہے؟

جواب: جب کرکٹ ایسوسی ایشنز باضابطہ طور پر ماڈل آئین کو اختیار کرلیتی ہیں تو عہدیداران، ماڈل آئین کے تحت منتخب نمائندے ہوں گے۔ یہ قدم ابھی باقی ہے۔

بانی اراکین نے رجسٹریشن کے عمل کے دوران معاونت فراہم کرنے میں اہم اور کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

پی سی بی کے امپلیمنٹیشن پلان کے تحت، اگلا قدم بانی اراکین کا مستعفی ہونا اور عبوری کمیٹیوں کو راستہ فراہم کرنا ہے۔ منتخب نمائندوں کے اقتدار سنبھالنے تک کرکٹ ایسوسی ایشنز کے روزمرہ امور عبوری کمیٹیاں ہی چلائیں گی۔

سوال: کیا یہ بانی اراکین ہی عبوری نظام چلائیں گے ؟

جواب: جی نہیں۔ بانی اراکین کا کردار سوسائٹیز کی رجسٹریشن اور اسے عبوری کمیٹیوں کے حوالے کرنے تک محدود ہے۔ پی سی بی کے عملے میں شامل کوئی بھی شخص عبوری کمیٹیوں کا رکن نہیں ہو گا۔

پی سی بی کے امپلیمنٹیشن پلان کے تحت، اگلا قدم بانی اراکین کا مستعفی ہونا اور اور عبوری کمیٹیوں کو راستہ فراہم کرنا ہے جو کہ منتخب نمائندوں کے اقتدار سنبھالنے تک کرکٹ ایسوسی ایشنز کے روزمرہ امور چلائیں گی۔

سوال: عبوری سیٹ اپ کا تقرر کون کرے گا اور اس میں کون کون شامل ہو گا؟

جواب: عبوری کمیٹیوں کی تقرری کا اختیار چیئرمین پی سی بی کے پاس ہے اور وہ اس کا اعلان متعلقہ وقت پر کریں گے۔

سوال: کیا پی سی بی کے عملے کو صرف ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن کے لیے استعمال کیا گیا ہے یا تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کے لیے؟

جواب: مندرجہ بالاء وجوہات کے باعث، پی سی بی کے عملے کو تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کے عمل میں معاونت کے لیے استعمال کیا گیا ہے کیونکہ یہ وقتی اعتبار سے انتہائی مؤثر، قابل اعتبار اور رسد کے لحاظ سے بے حد آسان طریقہ کار تھا۔

سوال: دیگر پانچ کرکٹ ایسوسی ایشنز میں پی سی بی کے عملے کا کیا کردار ہے؟

جواب: پی سی بی کے عملے کا کردار سوسائٹیز کی رجسٹریشن اور پھر اسے عبوری کمیٹیوں کے حوالے کرنے تک محدود ہے۔ پی سی بی کا کوئی بھی ملازم عبوری کمیٹیوں کا رکن نہیں ہوگا۔

پی سی بی کے امپلیمنٹیشن پلان کے تحت، اگلا قدم بانی اراکین کا مستعفی ہونا اور عبوری کمیٹیوں کو راستہ فراہم کرنا ہے جو کہ منتخب نمائندوں کے اقتدار سنبھالنے تک کرکٹ ایسوسی ایشنز کے روزمرہ امور چلائیں گی۔

سوال: ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن کا کوئی بھی رکن کیوں ناردرن کا مستقل رہائشی نہیں ہے؟

جواب: چونکہ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی جانب سے تاحال ماڈل آئین کو اپنایا جانا باقی ہے لہٰذا یہ اس کی کسی بھی دفعہ کی خلاف ورزی نہیں ہے۔

سوال: کیا کسی بھی کرکٹ ایسوسی ایشنز کو کوئی فنڈز جاری کیے گئے ہیں؟

جواب: یہ ایک بے بنیاد اور توہین آمیز الزام ہے۔ کسی بھی کرکٹ ایسوسی ایشن کو کوئی فنڈز مختص یا جاری نہیں کیے گئے ہیں۔

سوال: پی سی بی نے چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کے لیے کب اور کہاں درخواست دی تھی؟

جواب: بی او جی کی جانب سے بالترتیب نومبر 2019 میں ماڈل آئین برائے سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز اور فروری 2020 میں ماڈل دستور برائے کرکٹ کلبز کی منظوری کے بعد چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کا عمل مارچ 2020 میں شروع ہوا۔ ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن کی طرح ہی پی سی بی دیگر ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کا عمل مکمل ہونے پر اس کا اعلان کردے گا۔

سوال: کرکٹ ایسوسی ایشنز کی رجسٹریشن کا اگلا مرحلہ کیا ہے؟

جواب: پی سی بی نے تمام کرکٹ ایسوسی ایشنز کے لیے اپنی دستاویزات جمع کروادی ہیں اور اب اسے متعلقہ حکام کی کاروائی کا انتظار ہے۔

سوال: کرکٹ ایسوسی ایشنز کی سوسائٹیز ایکٹ کے تحت رجسٹریشن کی ضرورت کیا ہے؟

جواب: پی سی بی کے بہتر اور شفاف طرز گورننس کے تحت یہ پی سی بی کے آئین 2019 کی شق 16(5) کے تحت ضروری ہے۔

سوال: کیا اسپورٹس (کرکٹ) سوسائٹیز ایکٹ کے تحت آتی ہیں؟

جواب: جی بالکل، وگرنہ ناردرن کرکٹ ایسوسی ایشن کیسے رجسٹرڈ ہو جاتی۔ سوسائٹیز کے تحت کئی دیگر کھیلوں کی تنظیموں کے اندارج کی مثالیں بھی موجود ہیں۔

سوال: پی سی بی کے عملے سے اختیارات کیسے عبوری کمیٹیوں کو منتقل کیے جائیں گے؟

جواب: یہ پی سی بی کے آئین 2019 کی شق 16(6) میں بیان کیا گیا ہے:

"بورڈ آف گورنرز فوری طور پر ہر کرکٹ ایسوسی ایشن کے بورڈز سمیت پہلی کرکٹ ایسوسی ایشنز کا اہتمام کرے گا اور اس سے متعلق تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔"

"بورڈ آف گورنرز کے زیر اہتمام ہر کرکٹ ایسوسی ایشن کے پہلے بورڈ کا دورانیہ اس کے نوٹیفکیشن کی تاریخ سے لے کر ایک سال پر محیط ہو گا اور اس کے بعد ہر کرکٹ ایسوسی ایشن کو آئین کے مطابق منتخب کیا جائے گا۔"

سوال: کیا آپ کا عمل آپ کے دعوؤں کی نفی نہیں کرتا؟

جواب: جی نہیں۔ بدقسمتی سے انتہائی قابل احترام مبصرین نے پی سی بی اور ماڈل دستور کو پڑھے اور پی سی بی کی اسٹریٹیجی کو جانے بغیر غلط نتائج اخذ کیے۔ اگر معتبر مبصرین اس دستاویزات کو بغور پڑھیں تو انہیں اپنی غلطی کا احساس ہو گا اور وہ مستقبل میں باخبر تبصرے کریں گے۔

سوال: کرکٹ ایسوسی ایشنز کے انتخابات کب اور کیسے ہوں گے؟

جواب: سب سے پہلے تو کلبوں کی رجسٹریشن کے عمل کا آغاز ہو گا، پھر سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے انتخابات ہوں گے اور اس کے بعد کرکٹ ایسوسی ایشنز کے انتخابات ہوں گے۔


PCB
Step 7
Election of Office Bearers of CA
Step 6
General Body Formed
Cricket Associations
Step 5
Election of Office Bearers of CCA
Step 4
Adoption of Model Constitution
Step 3
General Body Formed
City Cricket Associations
Step 2
Registration & Affiliation with CCA
Step 1
Adoption of Model Constitution
CLUBS

– ENDS –